سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ الفا انشورنس کمپنی لمیٹڈ کا ۶۲ واں سالانہ اجلاسِ عام بروز منگل ۲۹ اپریل ۲۰۱۴ء کو دن کے ۱۱:۳۰ بجے بمقام کمپنی ہیڈ آفس، چوتھی منزل، بلڈنگ B-1 اسٹیٹ لائف اسکوائر، آف آئی آئی چندریگر روڈ کراچی مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

عام کاروائی

۱) ۲۷ مارچ ۲۰۱۴ء بروز جمعرات منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام کے منٹس کی توثیق کرنا

۲) ۳۱ دسمبر ۲۰۱۳ء کو ختم شدہ سال کیلئے ڈائریکٹرز رپورٹ اور آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹ کی رپورٹ کے ہمراہ سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کو وصول، غور اور منظور کرنا۔

۳) سال ۲۰۱۴ء کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کا اعزازیہ مقرر کرنا

۴) صدر اجلاس کی اجازت سے دیگر امور انجام دینا۔

کراچی: ۷ اپریل ۲۰۱۴ء

حسب الحکم بورڈ

انصار حسین

کمپنی سیکریٹری

نوٹ:

۱. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بُکس ۲۰ اپریل ۲۰۱۴ء تا ۲۹ اپریل ۲۰۱۴ء (دونوں یوم شامل) بند رہے گی۔

۲. ایک ممبر جسے اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کا اختیار دیا گیا ہے وہ اجلاس میں حاضری اور ووٹ کیلئے بطور پراکسی کسی دوسرے ممبر کو مقرر کرسکتا ہے۔

۳. پراکسی کی تقرری کیلئے دستاویز لازمی طور پر مقررہ اجلاس کے انعقاد سے ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کو اس کے ہیڈ آفس چوتھی منزل، بلڈنگ B-1 اسٹیٹ لائف اسکوائر، آف آئی آئی چندریگر روڈ کراچی پر موصول ہوجانی چاہئیں۔ ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کا حقدار نہیں ہوگا۔ اگر ایک ممبر نے ایک سے زیادہ پراکسی کی تقرری یا پراکسی کی ایک سے زیادہ دستاویز کمپنی کو جمع کروائی تو تمام پراکسی کی دستاویزات باطل تصور کی جائیگی۔

۴. اپنے پتوں میں کسی قسم کی تبدیلی کے حوالے سے کمپنی کو چوتھی منزل، بلڈنگ B-1 اسٹیٹ لائف اسکوائر، آف آئی آئی چندریگر روڈ کراچی پر فوری آگاہ کریں۔